رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۵

# نور افشاں

حقیقی نور وہ تھا جو دنیا میں آ کے ہر ایک آدمی کو روشن کرتا ہے

جلد ۴۰ | ہر جمعہ بروز جمعہ لودیانہ سے شائع ہوتا ہے ۲۸ جون ۱۹۱۲ء | نمبر ۲۶

## سکولوں کی کتابیں

اردو

اردو کی پہلی کتاب

اردو کی دوسری کتاب ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

اردو کی تیسری کتاب ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۳

اردو کی چوتھی کتاب ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

رومن اردو کی پہلی کتاب

رومن اردو کی دوسری کتاب ۔ ۔ ۔ ۔

رومن اردو کا قاعدہ گلنگ صاحب کا

فارسی اردو کا قاعدہ ۔۔۔ اردو

## سی پی ایل سکول لودیانہ

تسلی بخش انتظام و کم نامہ

خوشی کا اعلانات

[illegible]

## دستور العمل نور افشاں

[illegible]

### شرح اجرت اشتہارات

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| تعداد سطور | ایک بار | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |

[illegible]

یہ سب کتابیں کرسچن بک سٹور لودیانہ یا معرفت پادری ای۔ ایم ویری صاحب آنریری سکرٹری سی ایل ایس بذریعہ وی پی یا نقد قیمت پر مل سکتی ہیں

# نئی کتابیں

**ہندمیں سنڈے سکول**۔ مِن تصنیف ایڈورڈ دائے آنٹ صاحب رومن اردو صفحہ ۲۰۱ یہہ کتاب ہرایک سنڈے سکول سپرنٹنڈنٹ اوراُستادکیواسطے ایک خاص قاعدہ عوام کے پڑھنے کے لئے۔ بڑتاثیر بچّوں کو تعلیم دینے میں بڑا مفید آلہ۔ قیمت ۴ر و ۹ر و ۸ر +

**صحت جسمی**۔ مِن تصنیف قاضی پیر محمد کونبی۔ فارسی اردو قیمت ۴ر صفحہ ۴۰ یہہ نہایت مفید کتاب جو ہرایک خاندان کے ساتھ رہنی چاہئے

**انجیل برنباس**۔ مِن تصنیف عبدالاحد آزاد کاٹرہ کئی سال ہوئے کہ مشہور جعلی انجیل برنباس کا ترجمہ جو ۲۰۰ برس کے عرصہ تک غائب ہوگئی۔ پادری ہیکسٹن صاحب کی کوشش سے جرمن کے ایک کتب خانہ میں پائی گئی۔ اس کتاب کے حالات اس چھوٹے رسالہ میں پیش کئے جاتے ہیں۔ قیمت ۲ر +

**مسیح کی تعلیم**۔ مِن تصنیف ڈاکٹر جے۔ ڈبلیو۔ رابرٹسن صاحب جسکو ڈاکٹر ڈبلیو۔ ہنٹلی صاحب نے ترجمہ کیا۔ فارسی۔ اردو اور رومن بھی چھاپی گئی۔ قیمت ۴ر۔ اردو ۸ر۔ اور ۱۲ر +

یہہ کتاب نہایت ضروری ہے ہرایک مسیحی کو چاہئے کہ اسکا مطالعہ کرے مسیح کی تعلیم کی اونچائی اور گہرائی کا ظہور ہے +

**خاندانی فرائض**۔ ۱۲۰ صفحے قیمت اردو ۴ر ۔ ۸ر و ۱۲ر رومن ۸ر ۔ اگرلوگ اپنے اپنے گھر کا انتظام اس کتاب کی ہدایت کے مطابق بنادیں تو زندگی کی خوشی اور مبارکبادی بہت ترقی پذیر ہو جاویگی +

آخری بات کی ہدایت اس مضمون پر کہ ہرایک آدمی اپنے گھر یعنی رہائش کا گھر رکھے اور کس طرح پاوے ؟ کتاب کی قیمت صمد اگنی قیمتی ہے +

**ویدک شائستگی**۔ قیمت رومن اردو ۸ر +

**ویدوں کی اصل**۔ فارسی اردو قیمت ۱ر +

**ذات وچار**۔ فارسی اردو قیمت ۲ر +

**جنرل گارڈینر صاحب کی سوانح عمری** فارسی اردو ۳ر +

**دائی گری**۔ مِن تصنیف ڈاکٹر ایڈیتھ براؤن صاحبہ ساکن لودیانہ۔ رومن اردو ۸ر فارسی اردو ۸ر +

یہہ کتاب میڈیکل سکولوں اور ہسپتالوں میں ٹیکسٹ بک کے طور پر استعمال کیجاتی ہے ہر ایک گھر میں اس کی ضرورت محسوس ہوتی ہے اسلئے ہرایک خاندان میں اس کی ایک جلد ہونی چاہئے +

**ہدایت تیمارداراں**۔ یہہ کتاب اس نیت سے تصنیف کی گئی کہ ہسپتال کے ملازموں کیلئے مدد دی جاوے ۔ لہٰذا وہ ہرایک ہسپتال اور میڈیکل سکول کے لئے سندی کتاب ہے۔ ہرایک گھرانے میں ایسی کتاب فائدہ سے خالی نہیں رومن اردو قیمت ۸ر +

## کتابوں کی فہرست مفت بھیجی جاتی ہے

یہہ کتابیں کرسچن بک سٹور لودیانہ معرفت پادری ای۔ ایم ویری صاحب آنریری سکرٹری سی۔ ایل۔ ایس بذریعہ وی۔ پی یا نقد قیمت پر مل سکتی ہیں

# نور افشاں

لودیانہ۔ جمعہ ۲۸ جون ۱۹۱۲ء

## فہرست مضامین



## گلدستہ اخبار

سرمی (انگلستان) میں زیادہ ٹھنڈ کی وجہ سے بہت نقصان آلو کی فصل کا ہوا ہے۔

سکندرآباد میں ایک بارود کا کارخانہ پھٹ گیا جس سے قلی اور ایک ٹھیکیدار بنام رسید اسی وقت مر گئے اور کل عمارت شکستہ ہو گئی۔

سرکاری رائے یہ ہے کہ اس سال بارش پہلے تو کثرت سے ہوگی پھر بند ہوگی، خاص کر کے شمال مغرب کے حصوں میں۔ اگرچہ کہ ملک کے مختلف حصوں میں بارش معمول کے خلاف ہوگی۔ تو بھی کل ملک ہندوستان کی بارش ملا کر نہ بہت زیادہ نہ بہت کم ہوگی۔

ملک ٹریپولی میں اٹلی اور ترکی سے پھر جنگ مقام ایک مستفلستان نہ جنوں میں ہوئی۔ ترکی نے شکست کھائی مگر ترکی والے کہتے ہیں کہ ہم لوگ ہٹ آئے اور اٹلی کا بڑا نقصان ہوا۔

ہندوستان سے جو ریل بلوچستان اور فارس کے کنارے جائیگی ہے۔ اس کا نقشہ تیار ہے۔ مگر گیا بنے گا یا نہیں۔ سو ابھی منظور نہیں کیا گیا۔

انگلستان میں جو کوئی ترمیم یا ڈاکٹری یا کوئی اور پیشہ کی پڑھائی کے لئے جاوے تو دس ہزار روپیہ سے کم نہ ہونا چاہئے۔

مسٹر فرینک میادا مس فیروزپور والے انگلستان جاتے ہیں کہ ڈاکٹر ہو کر واپس آویں۔ اور مشنل مشنری سوسائٹی میں بے تنخواہ کام کریں۔

مشی پہاڑ (آسام) میں جانوروں کے اندر سخت بیماری پھیلی ہوئی ہے۔ اس سے پیشتر ۲۵۰۰ مویشی اجل کی بھینٹ چڑھ چکے ہیں۔

ابھی سال گذشتہ کو ضلع منشی گنج میں رومل جان امری دیوان اور ملی بزجکر دیتی نامی تین آدمی مختلف مقام میں قتل کئے گئے تھے۔ مجسٹریٹ ضلع نے ان قتل کی وارداتوں کو پولیٹیکل قرار دیا ہے۔ اور صوبہ ضلع ستارانگ بنگالہ کو گورنمنٹ نے باشندوں کو بطور رسدی تین ہزار روپیہ جمع کرکے متوفین کے ورثا کو دینے کا حکم دیا ہے۔

ہندوستان کی سب ریلوں میں ترقی ہو رہی ہے۔ اس سال جی آئی پی ریلوے ناگپور سے سیگون تک دوہری ہو گئی ہے۔ اور اٹارسی سے ناگپور کو ریل بنی ہے۔ اب اس لائن میں ایک سو اسی میل تک دوہری لائن بنیگی۔ اور چند سٹیشن بڑھائے جاوینگے۔

مصر میں ...... ۵۰۰۰۰ فیح ہوئے گا۔ جھینگا میں نئی گاڑیاں جانے کا ورکشاپ کھولا جائیگا۔ جس میں نو لاکھ کا خرچ ہوگا اس قسم کے خرچے اور سب چیزیں دنوں میں ہونگے۔

ہندوستان میں اب لیونس سے بہت تنگ آنے لگا ہے۔ چند سال سے برہمی چیزیں اور خاص عرب اور یورپ سعید سے زیادہ آنے لگا ہے جس سے قریبا پچاسی لاکھ روپے ہندوستان سالانہ باہر پانچ ملکوں کو بھیجے جاتے ہیں۔ پس اب اخباروں میں اسباب پر چرچا ہوتا ہے کہ سوودیشی نمک استعمال ہونا چاہئے تاکہ اتنا روپیہ باہر نہ جاوے۔

زیرہ (فیروزپور) کا جو شخص عزت پولیس سے ... تھا اس کی بیوہ کو سرکار نے پانچسو روپیہ مرحمت کیا۔

ملک تبت چینی اثر سے خالی کیا گیا۔ دلائی لاما ۲۴ جون ۱۹۱۲ء کو روانہ ہونگے۔

مدراس کی ۱۸ میونسپل کمیٹیوں میں ۱۰۸ ابتدائی سکول اضافہ درجہ تحصیل میں تا غیر ہوگی۔

ہندوستان میں یورپین آبادی دو لاکھ ہے۔ اور یوریشین آبادی ایک لاکھ چار ہزار سات سو شماری۔

# اخبار کی بہار

گجرات و کاٹھیاواڑ کے قحط زدہ علاقوں میں نہایت عمدہ بارش ہوئی مبارک ہو۔

شملہ میں جائداد کی کیسی قدر ہے۔ ایک فٹ مربع کے لئے ۸۰ روپیہ کے حساب سے قیمت دی گئی۔

قسطنطنیہ کی خبر ہے کہ ایک ہزار اطالین وہاں سے نکالے گئے چوں چرا نہیں کی ہے۔

اب تک قسطنطنیہ سے دس ہزار اطالین نکالے گئے جنگ ٹریپولی کی زیادتی کا خمیازہ ہے۔

آسٹریلیا میں بڑی کوشش ہے کہ انگریزی آبادی زیادہ ہو۔ اس کی خاص تدبیر کی جاتی ہیں۔

جو عورتیں بچے جنیں گی ان کو فی بچہ کے لئے خاص ۵ پونڈ دیئے جائینگے یہ تجویز فیصل کر دی گئی ہے۔

تو بھی آسٹریلیا کا رقبہ غیر خالی پڑا ہے لیکن ایشیائی آباد ہونے نہیں دیتے ہیں۔

جو شخص ترکی میں سیاحت کا عازم ہو ترکی قنصل افسر سے پرچہ راہداری لینا ضروری ہوگا۔

پچھلے سال انتظام مصر کی آمدنی ۱۷۹۳۰۰۰۰ پونڈ تھی۔ خرچ ۱۴۸۷۲۰۰۰ پونڈ تھا۔

قرضہ چین کے متعلق فیصلہ آخر تک ساہوکاروں کی کمیٹی پیرس میں ہوگی پیشتر وہ دلچسپ تھا۔

معتبر طور پر بیان کیا جاتا ہے کہ قرضہ کی سند لکھنے کا جھگڑا خاطر خواہ نپٹا دیا گیا ہے۔

مصنوعی تیل کی طرح مصنوعی ربڑ بھی بنایا گیا۔ اس میں انگریزی دوائی ساز کی کامیابی ہے۔

امریکہ میں انتخاب پریسیڈنٹ کا مقابلہ نہایت تیزی پر ہے مسٹر ٹافٹ کا پلہ بھاری ہے۔

لنڈن کی برٹش سنٹرل ہیروسی اسٹیشن پر ایک آتش زنی کی گئی جس کی طرف سے برٹش سفرجیٹ پر شبہ کیا جاتا ہے۔

ڈاکٹر رابرٹ بل نے تیس ہزار روپیہ کا معاوضہ حاصل کیا مگر یہ بھی پایا کہ آپ ماہر مرض سرطان ہیں۔ آئندہ معلوم ہوا کہ سرطان کا علاج عمل جراحی نہیں ہے بلکہ دوائی ہے۔ اس کی ہنسی اڑائی گئی تھی۔

اعظم گڑھ کا گہانی آتش کا ڈنکا ہو رہا ہے۔ ایک لیلا دھاری کا مکان آتش زدگی سے تباہ ہو گیا۔

تالاب میں نہاتی ہوئی تین لڑکیاں ایک دم ڈوب گئیں

مردان میں ایک بڑا درخت ایک مکان کی چھت پر گرا۔ جس سے مکان گر گیا۔ اور دو آدمی دب کر مر گئے۔

گزشتہ ماہ گوشوار چندا اس کو چلتی ہوئی ٹرین میں چوری کرنے کا عادی تھا سیشن جج بردوان کی عدالت سے دو سو روپیہ کی چوری میں دس سال قید سخت کی سزا دی گئی۔

کمشنر پولیس کلکتہ نے تمام چینیوں اور جاپانی تان بازاری کو نوٹس دیا ہے کہ وہ ۱۷ اگست تک اسباب کی وجہ ظاہر کریں کہ کیوں انکو شہر سے نکال نہ دیا جاوے۔

ہانگ کانگ سے ۱۲ جون کا تار مظہر ہے کہ وہاں ایک ہفتہ میں طاعون کے ۱۴۳ کیس اور ۱۲۹ اموات ہوئیں۔

۱۹۱۱ء میں ہندوستان کی کانوں سے ۱۲۰۰۰۰۰۰ ٹن کوئلہ نکلا۔ بنگال کی کانوں میں ۱۱۴۰۳۹۷۸ ٹن ممالک متوسط سے ۲۱۱۷۱۹ ٹن۔ پنجاب کے ۵۵۰۰۳ مشرقی بنگال سے ۲۹۴۸۹۳ اور بلوچستان سے ۴۸۷۹۴ ٹن۔

لندن میں ۹۰ مٹھائی اور بسکٹ بنانے والے ہیں لیکن ان میں سے ۹۰ باہر کے ملکوں کے ہیں اور صرف دو انگریز ہیں۔

نو آبادیوں کی پچاس کالونی کونسل آئین پنجاب تک وسیع کیا گیا حضور وائسرائے نے منظور فرمایا ہے۔

اسلامی یونیورسٹی کا مجموعی سرمایہ معرفت بنک بنگال ۲۹ لاکھ ۱۲ ہزار ۸۸۸ روپیہ ہے۔

سنسکرت اور عربی کی اعلیٰ تعلیم کے لئے گورنمنٹ انڈیا نے امسال بھی دو وظائف عطا فرمائے۔

آریہ سماج کی پرتی نِدھی سبھا نے قرار دیا کہ گوروکل میں فیس بیکار رہے گی جیسا تھا ہی اس پر بس نہیں۔ یہ خیال تھا کہ پچھلے سال گوروکل کی آمدنی خرچ کو کافی تھی تمام برسوں کے میزان کی پڑتال کی گئی۔

پرتی نِدھی سبھا نے آریہ پتر کا لاہور کے بند کر دینے کی ٹھانی۔ شاید کہ لاہور سماج خرید کریگی۔

ہندوستان میں فیکٹری ایکٹ کے متعلق جو انسپکٹر مقرر ہونگے وہ سب کے سب یورپین ہونگے۔ مطلب یہ ہے کہ دیسی لوگ ہنوز اس اختیار کے قابل نہیں مقرر کرنے کا اختیار لوکل گورنمنٹ کو ہوگا۔

کابل میں قلیں اور سامان گولہ بارود بازار تیار کرتے ہیں معتبریات ہرات و قندھار کے لئے ہے۔

صوبہ بہار کے لئے ایک علیحدہ ہائی کورٹ پٹنہ میں قائم کرنا گورنمنٹ نے پسند فرمایا ہے۔

غلزئی تاجر جہاندار خان جو بہت عرصہ گرفتاری سے فرار ہوکر برٹش علاقہ میں پناہ گیر ہے۔

امیر صاحب نے اس کو حکم دیا کہ کابل میں حاضر ہو ورنہ جائداد ضبط و دونوں بیٹے قید کئے جاوینگے۔

شنٹ ہی سوک لاہور کے ایک پولیس مین کو دو سال قید سخت کی سزا ہوئی۔ ایک کرتے کی چوری کا جرم ہے۔

مدراس میں ایک سب انسپکٹر پولیس اور ایک دیہاتی مجسٹریٹ کو ۱۰۰۰ روپے و ۱۰ ماہ قید سخت کی سزا ہوئی سو سو جرمانہ بھی۔

# ایڈیٹوریل نوٹس

## احساس باطنی

نمبر ۵

دوسری حس چکھنے اور ذائقہ لینے کی حواس خمسہ میں ہے جو باطن سے متعلق ہے جس کے وسیلے سے ہم اشیائے خوردنی اور نوشیدنی کے تمام مزے حاصل ہوتے ہیں۔ روحانی عالم میں یہ حس روحانی باتوں کی لذت اور خوبی کو محسوس کرنے کی روحانی طاقت ہے۔ جس کے وسیلے سے انسان کو دیگر تمام مخلوقات پر شرف حاصل ہے۔ کیونکہ یہی قوت ذائقہ یعنی روحانی عرفان یا علم رکھنے والی روح ہی ہے جس کو روحانی باتوں سے مس ہے۔ خاص طور سے یہی اس طرح کی قوت ذوق ہے جس کے وسیلے سے انسان روحانی باتوں میں ترقی اور افزائش پاتا ہے۔ زبور کی کتاب میں لکھا ہے کہ تیری باتیں مجھے کیا ہی شیریں لگتی ہیں بلکہ اس شہد سے جو میرے منہ میں ہو زیادہ شیریں ہے۔ زبور ۱۱۹: ۱۰۳ یا داؤد کو روحانی باتوں میں لذت لینے کے لئے زبور میں تحریک ہے جہاں لکھا ہے کہ دیکھو اور چکھو اور دیکھو کہ خداوند مہربان ہے۔ زبور ۳۴: ۸ ۔ یا خدا کے لوگ روحانی نعمتوں کا مزہ چکھتے ہیں جس کا ذکر خط عبرانیوں ۶: ۴ میں پایا جاتا ہے۔

مندرجہ بالا آیتوں سے صاف پایا جاتا ہے کہ روحانی باتوں سے لذت حاصل کرنے کیلئے ایک احساس باطنی موجود ہے جس کے وسیلے سے یہ کام ہوتا ہے۔

## ہمارا زمانہ

نمبر ۲

جیسا کہ ہم نے بیان کیا تھا کہ زمانہ بہت کچھ بدلتا اور نسبت رنگ بدلتا رہتا ہے۔ تواریخ کے مطالعہ سے یہ بات بخوبی روشن ہو جاتی ہے۔ زمانے کی تیز رفتار گردش کے دور میں اگر سب کچھ گرگٹ کی طرح رنگ بدلتا ہے۔ اور آج کی چیز کل کچھ کا کچھ ہو جاتا ہے۔ سلطنتیں پلٹ جاتی ہیں رنج راحت کچھ سے کچھ ہو جاتا ہے۔ گلا بھی کل شاداب ایک فصل کے بعد سوکھ جاتا ہے۔ گو آج موسم کی بے اعتدالی ہے تو کل خوشگوار موسم اتفاقی ہے۔ نہ صرف یہ بلکہ قوموں کے عروج و زوال کا نظارہ ہمیں عجیب نظر آتا ہے۔ قوموں کی حالتوں کا اتار چڑھاؤ نہایت حیرت انگیز ہے۔ اور ایسا ہی خاندانوں کے عروج و زوال ہماری آنکھوں کے سامنے عجیب نقشے پیش کرتے ہیں۔ آج ایک خاندان میں فارغ البالی اور خوشحالی ہے اور کل اس کا دور بدل جاتا ہے اور وہ ایک دم گمنام سا ہو جاتا ہے۔ بادشاہوں اور گداؤں کی حالتوں کے عجیب و غریب تصرفات ہماری آنکھوں کے سامنے روز مرہ دیکھے جاتے ہیں جو حد درجہ عبرت ناک و قابل غور ہیں۔ یہ سب تو ہے مگر انسان کی فنا کا نظارہ بھی ایسا حیرت انگیز ہے کہ کمزور تو در کنار عقل حیران ہو جاتی ہے کہ کیسی کیسی صورتیں روئے زمین پر چلتی پھرتی نظر آتی ہیں۔ اس خاک میں سے کیسے کیسے انسان صفحہ دنیا پر پیدا ہوتے اور دم زدن میں ان کا خاتمہ ہو جاتا اور وہ صفحہ ہستی پر سے ہمیشہ کیلئے مٹ جاتے ہیں۔ یہ سب واقعات بجنسہ عجیب نظارے اتنا ہی ان میں خالق مطلق خدائے قادر کی بے حد حکمت اور دانائی کے راز پوشیدہ ہوتے نظر آتے ہیں جو انسانی عقل و فکر میں آ نہیں سکتے اس لئے انسان حیران ہو کر صرف ان تمام واقعات کو دیکھتا اور ششدر رہ جاتا ہے۔

---

ذمہ دار اشخاص کے فرائض بھاری اور مشکل ہوا کرتے ہیں۔ اور اگر ایسے لوگ اپنے فرائض کی ادائیگی میں سستی کریں یا غافل ہو جائیں تو بڑا نقصان ہو پہنچتا ہے جو نہ صرف ان کے لئے بلکہ دوسروں کے لئے بھی نقصان رساں ہوتا ہے۔ اور یہ بات جیسا کہ دنیاوی معاملات میں صادق ٹھہرتی ہے۔ اسی طرح بلکہ اس سے زیادہ روحانی معاملات میں بھی بالکل ٹھیک ہے۔ ہمعصر کوکب ہند مطبوعہ ۲۰ مئی ۱۹۲۵ء میں ذیل کا نوٹ درج کرتا ہے کہ جس حال کو کچھ دیر ہوتا ہے تو اس کے سننے سے عبرت حاصل ہوتا ہے۔ ذکر ہے کہ ایک مکان میں آگ لگ گئی اور وہ جلنے لگا۔ جتنے لوگ اس مکان میں رہتے تھے وہ باہر نکلے تاکہ ہلاکت سے بچ جاویں لیکن چوکیدار کھلائی نہ پڑا۔ جو کہ یہ کام تھا کہ اس مکان کی حفاظت کرے اور اگر کوئی خطرہ پیش آوے تو وہ اس مکان میں رہنے والوں کو آگاہ کرے لیکن چوکیدار سو گیا اور اپنے کام میں غافل پایا گیا۔ اس کی کوشش ہوئی اور بڑی مشکل سے وہ نیند سے جاگا اور ہلاکت سے بچایا گیا۔ سوال ہے کہ کیا دوسرے چوکیدار بھی اپنے کام کی نسبت غافل ہیں اور جس حال میں کہ ان کا کام ہے کہ حفاظت کریں یہ وہ سوتے ہیں کیسی کلیسیا یا گھرانے کے لئے کیسی خطرناک بات ہے کہ وہ جو محافظ مقرر ہیں سوتے ہوئے پائے جاویں۔ یسعیاہ نے کیا خوب لکھا ہے کہ اس کے نگہبان اندھے ہیں وہ سب جاہل ہیں وہ سب گونگے کتے ہیں جو بھونک نہیں سکتے ہیں۔ وہ خواب دیکھنے والے ہیں پڑے رہتے ہیں اور اونگھنا دوست رکھتے ہیں۔

ہمعصر کی یہ باتیں قابل غور ہیں۔ خصوصاً گرجا والوں کے لئے جن کے فرائض بھاری ہیں زیادہ غور کے لائق ہیں۔

---

دعا کے بارے میں کثرت سے غلطی کی جاتی ہے۔ بعض دعائیں صرف ایسی ہوتی ہیں کہ جو بالکل بے ٹھکانہ اور اور بے مطلب فقروں سے بھری ہوتی ہیں۔ ایسی دعاؤں سے کیا فائدہ؟ دعا در حقیقت روح کی ہی خواہش ہے۔

ہمعصر کوکب ہند مطبوعہ ۲۰ مئی ۱۹۲۵ء میں ذیل کا

ایک بڑا عمدہ درخت اپنے پھل سے پہچانا جاتا ہے کہ دعا کے معاملہ میں لوگ اکثر بڑی غلطی کرتے ہیں۔ اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ جب ایک شخص دعا کرنا شروع کرتا ہے وہ خدا سے مخاطب معلوم ہوتا ہے بلکہ اصل میں وہ ایسی باتیں اپنی دعا میں پیش کرتا ہے جن سے کسی شخص کے دل کو دکھانا چاہتا ہے۔ بعض بعض طرح طرح کی باتیں پیش کرتے ہیں جنہیں وہ ان لوگوں پر ظاہر کرنا چاہتے ہیں جو وہاں پر موجود ہیں۔ یہ اصل میں ایک واہیات بات ہے۔ وہ صرف اپنی خواہش پوری ہو سو ہی نشانہ تک پہنچتی ہے۔ [illegible] کہ بے تکلفانہ [illegible] بے تکلفانے کے مرد عورتوں کے دفتر میں بھیجا جاتا کہ اگر کسی کسی طرح یہ بات صفائی کے ساتھ لوگوں پر ظاہر ہو جاوے تاکہ وہ بے تکلفانہ اور دوسروں کی عزت کی غرض سے دعا مانگیں تو خوب ہو۔ اس سے ہماری کلیسیاؤں اور مسیحیوں کے درمیان دوسری حالت دیکھنے میں آوے گی۔

بعض کا یہ کہنا بالکل درست ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ ہم روحانی برکتوں سے جو مانگنے سے ملتی ہیں محروم رہتے ہیں کیونکہ ہم گو مانگتے ہیں پر بدوضعی سے مانگتے ہیں۔ اور نہیں پاتے۔ ہمارے متعلق روحانی باپ نے کیا کہا ہے۔

---

ہم کو تعجب آتا ہے کہ بعض ہندوستان میں ایک طرف تو نہایت صفائی کے ساتھ خداوند یسوع مسیح کی نسبت افضلیت، زندگی اور روحانی عظمت کے کلمات لکھے ہوئے پاتے ہیں۔ مثلاً کہ وہ روح اللہ اور کلمۃ اللہ۔ وجیہا فی الدنیا والآخرۃ۔ معصوم وغیرہ وغیرہ ہے اور دوسری طرف ان تمام باتوں کے برخلاف اس کی مذمت اور بطلان ظاہر کیا جاتا ہے۔ مثلاً مسیح کچھ نہیں ہے۔ الا رسول [illegible]

محمد صاحب کی بہ نسبت [illegible] کرکے ظاہر کیا جاتا ہے۔ اس پر ہم اس کی اصلیت کو سوچتے ہیں [illegible] پہنچ جاتے ہیں کہ یہ منشاء مذہب جو محمد صاحب سے جاری کیا گیا دین عیسوی کا مدمقابل نہیں یہ [illegible] موافق نہیں تھا۔ بلکہ بالکل بخلاف اور مخالف ہے۔ کیونکہ ایک منکر مسیح [illegible] رہنا ہرگز [illegible] شہادت نہیں ہو سکتی

---

بڑے افسوس کا مقام ہے کہ کہاوت [illegible] پولیس کے لوگ ان کے [illegible] صادق [illegible] معلوم ہوتی ہے کہ [illegible] کھیت کو کھانے لگے تو اس کی رکھوالی کون کرے گا [illegible] کے فوجی سپاہیوں کو ڈاکہ زنی کے جرم میں سزا ملی ہے اور انبالہ کے فوجی سپاہیوں کو بلوہ کرنے کے جرم میں سزا مل گئی ہے۔ اور پولیس کے [illegible] بھی سخت قسم کے جرائم کے ارتکاب سے متہم ہوتے رہتے ہیں پس اس میں کچھ شک نہیں کہ ان ہر دو محکموں میں بے شمار بے نمک حلال اور غدار اشخاص موجود ہیں کہ جن کی [illegible] سے مجرم پیشہ اور [illegible] لوگ اپنے کیفر کردار کو پہنچتے ہیں۔ اور ملک میں امن اور انتظام قائم رہتا ہے اگر تمام ہی ایک قسم کے ہو جاویں تو ایک دن میں آفت آ جاوے۔

---

## ریویو

North India School of Medicine for Christian Women Ludhiana

یعنے مسیحی عورتوں کا شمالی ہند اسکول آف میڈیسن کی رپورٹ بابت سال گذشتہ کے ہماری میز پر رکھی ہوئی ہے۔ اس کو پڑھ کر معلوم ہوتا ہے کہ مس براؤن صاحبہ کی کوششوں کے نتیجے سے بہت بڑا فائدہ اس ضروری کام کے متعلق مسیحی عورتوں کو پہنچا ہے۔ سنہ ۱۸۹۴ء میں مس صاحبہ کی ذریعہ کوشش [illegible] سے یہ مدرسہ جاری ہوا تھا اور تب سے ان کی محنت اور جانفشانی سے یہ کام روز بروز ترقی کرتا چلا گیا۔ اور کیا بلحاظ عمارتوں اور کیا بلحاظ تعلیم اور رفاہ عام کاموں کے یہ اس شفاخانہ میں بڑھتے ہی روز افزوں ترقی سے بڑھتا چلا گیا۔ اور سال گذشتہ کی رپورٹ سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ اب یہ کام بڑی ترقی پر ہے۔ اور تمام چندہ دہندگان خدا جو اس کار خیر میں حصہ لیتے رہے ہیں وہ قابل تعریف ہیں۔ خاطر خواہ امداد ہر ایک کام کے لئے وقت مل سکتی ہے اور اس طرح سے اس کے متعلق تمام [illegible] میں ایک نمایاں ترقی نظر آتی ہے۔ علاوہ ولایت کے متمول صاحبان کے عطیہ کے سرکار نے بھی خاطر خواہ امداد دی ہے۔

اس مدرسے میں اسپتال اسسٹنٹ اور [illegible] اور دائیں تیار ہوتی ہیں۔ اور نیز نرسیں اور کمپونڈر بھی نکلتی ہیں۔ نتیجے بھی اچھے رہے ہیں۔ طلبا کا شمار بھی اچھا ہے اور تمام اسٹاف بھی اعلیٰ ہے جس میں کئی لیڈی [illegible] اور [illegible] پروفیسر مس صاحبان ہیں۔

اگر اسی طرح سے اس کار خیر میں کوشش ہوتی رہی تو امید ہے کہ اس انسٹی ٹیوشن سے ملک کو بہت فائدہ پہنچے گا۔ ہماری دعا ہے کہ خدا اپنی بڑی ہی برکت اس تمام قسم کے کاموں پر بخشے جو اس ہسپتال کے ذریعہ سے کئے جاتے ہیں۔

---

امتحان نرسوں کا نتیجہ نکل آیا ہے کہ تمام سکولوں کا نتیجہ سوائے سی بی اسکول کے خاطر خواہ رہا ہم کو افسوس ہے کہ اس اسکول کے [illegible] تمام مضامین میں کامیاب ہوئے صرف حساب میں رہ گئے۔

# اقتباس

## سگار اور خون

ایک شخص کو سگار پینے کی بڑی عادت تھی۔ اور اسکی وجہ سے وہ کمزور اور لاغر ہو گیا تھا۔ ایک دفعہ ایک طبیب کے پاس علاج کے لئے گئے۔

طبیب نے اس کو دیکھتے ہی کہا۔ کہ آپ تیس سگار دن بھر میں پیتے ہیں۔ اس شخص نے جواب دیا جی ہاں یہ تو اوسط درجہ کا شمار ہے۔

طبیب نے پوچھا خیر تو آپ اس کے استعمال کرنے کا نقصان بھی نہیں سمجھتے ہیں۔ بالکل ہی نہیں۔ میں اپنی صحت جسمانی کی کمی اس علامت کا باعث سمجھتا ہوں۔ اس کے سنتے ہی طبیب نے ذرا غصہ سے مسکرا کر سر ہلایا۔ اور ایک جونک شیشے کے برتن سے نکالی اور اس کی بانہہ سے کپڑا ہٹا کر وہاں جونک لگا دی۔ اور کہا میں آپ کو کچھ دکھاؤنگا۔ چند ہی عرصہ میں جونک خون پی کر پھول گئی۔ اور جب خوب بھر گئی تو ایک دم سے بیہوش سی ہو کر گر پڑی۔

طبیب نے اس کی طرف نظر اٹھا کر دیکھا اور کہا کہ جناب آپ کے خون کی بدولت مری اور اس کو اٹھا کر اس شخص کو دکھایا کہ فی الحقیقت مر گئی ہے۔ اس شخص نے طبیب سے کہا کہ صاحب میں سمجھتا ہوں کہ جونک تندرست نہ تھی۔

طبیب نے کہا اس کے ثبوت کے لئے دو اور لیجئے اور دوسری جونکیں لگا کر دیکھیں۔ ایک بڑی جونک اور ایک چھوٹی فوراً اس کی بانہہ کھول کر دونوں جونکیں لگا دیں کہ وہ شخص بولا کہ صاحب اگر یہ دونوں جونکیں مر جائیں گی تو میں اپنے سگار پینے میں کمی کر دونگا صرف دن بھر میں دس پیوں گا۔ ابھی گفتگو ختم ہونے نہ پائی تھی کہ چھوٹی جونک گری اور مر گئی اور تھوڑی دیر کے بعد بڑی بھی گری اور مر گئی۔ یہ عجیب حالت دیکھکر وہ شخص نہایت پریشان ہوا اور بڑا متعجب ہوا کہ ان جونکوں کیلئے قتل ہو گئے ہیں۔

طبیب نے کہا کہ تمہارے خون میں سخت زہر ملا ہوا ہے یعنی پوئیزننگ تیل ہے۔ اور کل سگار پینے والوں کے خون میں ہوتا ہے۔ یہ کل ماجرا دیکھکر اس شخص نے جوان سے کہا کہ صاحب مجھے ان مری ہوئی جونکوں کی نسبت بالکل یقین حاصل نہیں ہے۔ ضرور ان کے مرنے کا کوئی اور سبب ہوگا۔

ہم امید کرتے ہیں کہ ہمارے بچے بھی اس مہلک چیز کے استعمال کرنے سے رکیں۔

(رفیق نسواں)

---

## ضرورت

۲ ۲

مندرجہ ذیل استادوں کی مشن ہائی سکول جہلم کے لئے ضرورت ہے۔

اول تجربہ کار انٹرنس یا ایس۔ وی۔ استاد سند یافتہ کو ترجیح دیجائیگی۔

دوم۔ اردو فارسی مولوی جو کہ چھوٹی چھوٹی جماعتوں کو پڑھا سکے۔

تنخواہ کا فیصلہ بذریعہ خط و کتابت طے کر سکتے ہیں۔

درخواستیں معہ اسناد پادری ڈبلیو ایچ ہیز لیپ [illegible] ایم اے صاحب ہیڈ ماسٹر کے حضور بھیجی جائیں۔

---

# مفید کہانی

## بچوں کے لئے

گذشتہ سے پیوستہ

اور کام سے فرصت پانے پر آنا کو مقدس کے بارے میں گانا اور ساروں کے اپنے ریشہ سے میں لگا دیا جاتا ہے کہ جس کے ذریعہ اس کی اپنے حقیقی مالک اور خالق مہربان پر پیشوں سے لگن بھی رہے اور اسے کسی قسم کے فاسد خیالات اختیار کرنے کی امورات کی طرف دھیان دینے کا موقعہ ہی نہ ملے ہر قسم کے میلوں میں کا پیدا ہی کہ جو طرح طرح کے کھیل کے تماشے گھومتے ہیں اور بے فائدہ سب تو فقط اس کے آرام و تماشے ہی حاصل ہوتے ہیں لیکن جو لوگ عادتاً چوری کرنے کے متعلق ضروری کاروبار کے بعد بچے کھچے پاک مشغلوں اور ہر قسم کے سنگیوں کے مطالعہ کا عادی ہو جاتے ہیں۔ وقت فالتو ہر قسم کی معروفیت سے محروم کی دیر ہی مشغول کر دیئے جاتے ہیں۔ اور بعض معروفانی پر کہ وقت ہر کسی قسم بیکاریوں سے بچے رہتے ہیں مبارک ہیں وہ جو ایک جوان اور دل ہر قسم کھیلوں کی رغبت اور ذہن سے اپنے آپ کو بچا کر مہربان ایشور کے ہیروں کے تحت ہوتے ہوئے ان کے عطیہ شناختی اور پیم کا پرچار کرتے ہیں۔ وہ جہاں پہنچو تو ہماری ہر حالت میں سنگی اور سہائی رکھتا ہے۔ اور اور وہ پیار کرتا ہے پوری درگی ہے تو وہ ہماری ہی طرف سے ہے۔ دیر ہم کریا ہی کیو ہم۔ (رب صبر پیارک)

---

لندن کی خبر ہے کہ ایک نوجوان کو پولیس نے پکڑا جو کہ اپنی جیب سے سونے چاندی کے سکے پھینکتا تھا اور اس وجہ سے راستہ بند ہوا تھا۔

# مراسلات

## مسیح میں قائم زندگی

گذشتہ سے پیوستہ

(۲) مسیح پاک ہے ہم جو اس کے اعضا ہیں ہم کو بھی پاک ہونا چاہئے۔ کیا تم نہیں جانتے کہ تمہارے بدن مسیح کے اعضا ہیں؟ پس کیا میں مسیح کے اعضا لیکر کسبی کے اعضا بناؤں؟ ہرگز نہیں۔ پہلا کرنتھی ۶: ۱۵۔ مسیحی کی زندگی کی پاس داری اس بات میں ہے کہ اپنے بدن کو پاک رکھیں اور اس سے خدا کا جلال ظاہر کریں۔ پہلا کرنتھی ۶: ۲۰۔

(۳) کل اعضا کی باہمی پرورش بھی ضروری ہے دیکھو افسیوں ۴: ۱۵، ۱۶ و کلسیوں ۲: ۱۹۔ اگر مسیحی آپس میں ایک دوسرے سے پیوستہ نہ ہوں تو وہ کسی طرح سے اور نہ کبھی طرح سے روحانی پرورش پا سکتے ہیں اور نہ روحانی زندگی میں بڑھ ہی سکتے ہیں۔

(۴) چاہئے کہ مسیحی ایک دوسرے کی قدر کریں۔ ایک دوسرے کی عزت کریں۔ ایک دوسرے کی فکر کریں۔ اور ایک دوسرے سے محبت کریں۔ غور سے پڑھو پہلا کرنتھی باب ۱۲۔

**چند سوال۔** پیارے بھائی میں تم سے چند سوال پوچھتا ہوں۔

(۱) مسیحیوں کو جو بدن ہے۔ کیا تمہارا چلانے والا مسیح ہے؟

(۲) کیا تم غیر مسیحیوں کو مسیح کے پاس لاتے ہو کہ وہ بھی مسیح کے اعضا بنتے ہوں؟

ان سے ایسا برتاؤ نہیں کرتے جس سے خیال پیدا ہو جائے کہ تم خدا کسی بدن کا عضو ہو اور تمہارے غریب بھائی کس شودر یا نیچ مسیح کے اعضا ہیں؟

(۳) کیا تم مسیحیوں کی پاکیزگی کی بابت فکر کرتے ہو؟ پہلا کرنتھی ۵: ۱۱۔ آجکل کی فرقات جیسے پہلے وہاں تھے چند علمی باتوں پہ سوال ہوتے جاتے ہیں مگر ان کی زندگی کی خوبی یا پاکیزگی کی بابت بہت پروا نہیں کی جاتی ہے۔ ایسے بے تبدیل مریدوں سے کلیسیا بھری جا رہی ہے جس کا نتیجہ کلیسیا میں نالائق کارندے اور غیر مسیحیوں کی نظر میں مسیحی مذہب کی توہین ہے۔ جان بوجھ کر گناہ کرنے والے لوگوں کو ہوتے ہوئے یہ کام نہ حسن کا ہے نہ خادم کا دیکھو متی ۱۸: ۱۵۔

**شوہر اور جورو کی مثال۔** اب ہم شوہر اور بیوی کی مثال پر غور کریں۔ اس مثال سے ذیل کی خاص باتیں نکلتی ہیں۔

(۱) مسیح نے اپنے شاگردوں کو دوست کہا یوحنا ۱۵: ۱۵۔ اس نے فرداً فرداً ہم اس کے دوست ہیں لیکن ایمانداروں کا مجموعہ جو کلیسیا کہلاتی ہے مسیح کی دلہن ہے سو شوہر اور جورو کی مثال سے مسیح اور کلیسیا کی باہمی یگانگت اور محبت ظاہر ہوتی ہے۔

(۲) مسیح کلیسیا کو اس قدر پیار کرتا ہے کہ اس نے اپنے آپ کو اس کے واسطے موت کے حوالہ کر دیا۔ افسی ۵: ۲۵۔

(۳) مسیح کی اس محبت کی غرض یہ ہے کہ کلیسیا کو کلام کے ساتھ پانی سے غسل دیکر اور صاف کر کے مقدس بنائے اور ایک ایسی جلال والی کلیسیا بنا کے اپنے پاس حاضر کرے جس کے بدن میں داغ یا جھری یا کوئی اور ایسی چیز نہ ہو افسی ۵: ۲۶، ۲۷۔ اس امر میں اور دیکھو مکاشفہ ۱۹: ۷، ۸۔ مسیح کے ساتھ شاگردوں کی یگانگت کی غرض یہ ہے کہ وہ فرداً فرداً پاک اور بےعیب ہو کر جلال آسمانی بےعیب کلیسیا میں جا شامل ہوں۔

(۴) شوہر اور جورو ایک تن ہوتے ہیں۔ جو خداوند کی صحبت میں رہتا ہے۔ وہ اس کے ساتھ ایک روح ہوتا ہے پہلا کرنتھی ۶: ۱۷۔ ایک روح ہونے کا مطلب یہ ہے کہ جو سیرت مسیح کی ہے وہی شاگرد کی بھی ہوگی۔

**چند سوال۔** پیارے بھائی کیا تم اس بھید کو سمجھتے ہو؟ کیا تم مسیح کی دلہن کلیسیا کی عزت کرتے ہو؟ کیا تم مسیح کی محبت اس قدر محسوس کرتے ہو کہ تمہاری زندگی روز بروز صاف اور بےعیب ہوتی جاتی ہے کہ آخر میں کلیسیا کے جلال میں شریک ہو سکو؟ کیا تم مسیح کے ساتھ ایسے جڑ گئے کہ اس کے ساتھ ایک روح بن گئے ہو؟ کیا تم مسیح میں ہو کر کلیسیا کو اس جلال تک (جو اس کے لئے مقرر ہے) پہنچانے کے لئے ایسی خدمت کرتے ہو کہ اپنے خداوند کے نمونے پر اپنی جان تک دینی قبول کرتے ہو؟ کیا تم پولوس کی طرح کہہ سکتے ہو کہ مسیح کی مصیبتوں کی کمی اس کے بدن یعنی کلیسیا کی خاطر اپنے جسم میں پوری کئے دیتا ہوں؟ کلسی ۱: ۲۴

---

## موسوی خیمہ

### سموئیل کے کتاب کی شہادت

اب ہم سموئیل کے کتاب کی طرف رجوع کرینگے۔ یہ ایک دوسرے درجے کی کتاب ہے جس کی عام معتبری کی نسبت اہل نکتہ چیں بہت ہی کم مخالفت میں زبان ہلا سکتے ہیں۔ ہم دریافت کریں گے کہ یہ کتابیں خیمہ کی تواریخ کی نسبت ہمیں کیا بتلاتی ہیں تو جواب یہ ہے کہ بہت کچھ بتلاتی ہیں۔ یہاں تک کہ اس کے بیان کے لئے ہمارے پاس گنجائش نہیں کہ بیان کر سکیں۔ یہ کتابیں اولاً ہمیں یہ بتلاتی ہیں کہ کچھ عرصے تک موسوی خیمہ شیلوہ میں جو افرائیم کے ضلع میں ہے مستقر رہا۔ ثانیاً ہم کو یہ امر بھی بتلایا جاتا ہے کہ اس خیمہ کی عبادتوں کے متعلق ان تین عیدوں میں سے ایک سالانہ قربانی کی عید تھی جو اب تک مانی جاتی تھی۔ یہ امر بھی واضح ہوتا ہے کہ یہی جگہ ہے جہاں سموئیل کے والدین القانہ اور حنا سال بسال جایا کرتے تھے تاکہ اس سالانہ قربانی میں شریک ہوں۔ علاوہ ازیں یا تو یہیں یا اس کے کسی کمرے میں بمقام شیلوہ میں ہستہ وہ تھا جو سموئیل اس وقت اس کے اندر سویا کرتا تھا جس جگہ اس کو

سیموداہ کی عجیب روایت ظاہر ہوئی جہاں اس نے اس کے الہی اور اس کے خاندان کی نسبت گفتگو کی۔ اس کتاب میں علاوہ دیگر امور کے ایک امر ایسا ہے جو ہماری توجہ کے لائق ہے جیسا کہ سموئیل کے دو باب کی ۲۲ آیت میں چند عورتوں کا ذکر پایا جاتا ہے جن کی نسبت یوں ذکر ہوا ہے کہ وہ تھیں جو خیمہ کے آستانہ پر خدمت کیا کرتی تھیں۔ اور علاوہ ازیں یہ بات بھی معلوم ہوتی ہے۔ کہ ایلی کے دو بیٹے حفنی اور فنیاس ان عورتوں کے ساتھ نامناسب حرکات کے مرتکب ہوا کرتے تھے۔ جن کے خدا ان سے نہایت ناخوش تھا۔ اور نہ ان بعد ان کے افعال کی سزا بھی ان کو دی۔ اب جو کچھ کہ اس آیت سے ظاہر ہو۔ مگر یہ اشتباہ اس آیت سے ایک امر ان الفاظ جماعت کے خیمہ سے بہت صاف ہے۔ کہ سموئیل کے زمانہ میں قدیم دستور خیمہ مقام سیلوہ میں موجود تھا اور جیسا ابھی ہم اوپر ذکر کر چکے ہیں کہ الفاظ جماعت کا خیمہ پانے جاتے ہیں اس نام سے خاص طور پر مشہور و مروج تھا۔ چنانچہ دلیل اس کی بھی اس امر کا ثبوت ہے جیسا اوپر ذکر کیا گیا ہے۔ تاہم گرکس دو اعتراض پیش کرتے ہیں۔ ان میں سے ایک یہ ہے کہ عبادت گاہ جو سیلوہ میں واقع تھی وہ خیمہ نہ تھی۔ بلکہ ایک کوئی پتھر کی عمارت تھی اور اس کی دلیل یہ پیش کرتے ہیں کہ سموئیل کی کتاب کے بیان میں دروازوں اور چوکھٹوں کا اور دیگر امور کا ذکر ملتا ہے۔ جس سے عمارت کی طرف اشارہ پایا جاتا ہے لیکن یہ دقت بہت آسانی سے حل ہو جاتی ہے جیسا کہ یہودیوں کی کتاب جشینا (حدیث) سے ظاہر ہوتا ہے کہ خیمہ کا نیچے والا حصہ سیلوہ کی عبادت گاہ کا پتھر کا تھا لیکن اوپر کا حصہ خیمہ تھا۔ علاوہ اس کے ایک اور جواب یہ ہے کہ کلام مقدس کے مختلف مقاموں مثلاً ۲ سموئیل ۷-۲ زبور ۷۸-۶۰ یسعیاہ ... سلاطین ... وغیرہ میں صاف طور پر الفاظ خیمہ اور مسکن استعمال ہوتے ہیں۔ دوسرا اعتراض جو گرکس کی طرف سے پیش کیا جاتا ہے یہ ہے کہ الفاظ جماعت کا خیمہ جو ۱ سموئیل ۲-۲۲ میں پڑھے جاتے ہیں مشکوک ہیں۔ یہ تمام آیت ہی مصنوعی ہے۔ دلیل ان کی یہ ہے کہ یہ آیت سپٹواجنٹ ترجمہ میں نہیں ہے لیکن اس امر سے کچھ بھی نقص نہیں آتا ہے کہ بعض یونانی ترجمے آیت پاک کلام میں نہیں ہے جس میں ان عورتوں کا جماعت کے خیمہ کے آستانہ پر ذکر تھا۔ خروج ۳۸-۸ میں اس قسم کا ذکر پایا جاتا ہے۔ اور جیسا کہ ڈاکٹر ... صاحب فرماتے ہیں کہ ایسا فرض کرنے کی بھی ہمیں کوئی وجہ قبول نہیں کرتے ہیں کہ مذکورہ آیات مذکورہ بالا جملہ ذیل کے بعد کی پیداوار ہو کیونکہ ممکن نہیں کہ قیاس اس امر کا متقاضی ہو کہ کوئی ایک ہی آیت اس مضمون کی جس کا ... ہماری ... تاویل کا اس سے ماقبل کوئی قدیم اور مستند حدیث موجود ہو یا دوسرے الفاظ میں یوں کہیں کہ خروج کی عبارت کا صحیح ہونا اس امر کی دلیل ہے کہ سموئیل کی عبارت بھی صحیح رکھی ہو۔ علاوہ بریں یہ بھی ممکن ہو جیسا کہ ڈاکٹر ... صاحب کا خیال ہے کہ حفنی اور فنیاس کا بیان مترجمین نے اس غرض سے مشکوک کر دیا ہو کہ بنی اسرائیل کی عزت میں حرف نہ آئے جن کے بیان میں ذکر ہوا ہے کہ وہ عورتوں کے ساتھ ناجائز تعلق رکھتے تھے۔ مگر یہ الفاظ جماعت کا خیمہ۔ دیگر ترجموں یعنی قدیم سریانی ... اور ... میں اور نیز ان میں پائے جاتے ہیں جو کل کے کل قدیم نسخہ جات اور قابل اعتبار ہیں۔ پس بعض پہلا سموئیل دو باب ۲۲ والی آیت ٹھیک وہی ہے جو موجودہ عبرانی بائبل میں پائی جاتی ہو آخر میں قطعی شہادت اس آیت کی نسبت ہماری رائے میں یہ حاصل ہے جو صحت و اعتبار کے لحاظ سے زمانہ حال میں ایسے حاصل سے ... گئی ہے جو اپنے علم و فضل کے اعتبار سے دیگر دنیاوی علماء کے گزشتہ کے اشخاص تھے۔ یہ ... انگریزی اور امریکن علماء کا ان الفاظ جماعت کا خیمہ یا رسیل موسیٰ کی نسبت جیسے کہ عبرانی میں پائے جاتے ہیں اتفاق ہے کہ وہ صحیح ہیں۔ اور اس آیت کی نسبت سے شک کئے گئے ہیں جس اس صورت میں کہ ... وقت میں چھن جاتے ہیں اور کسی طور پر ان کے قیاس کیلئے اس میں کچھ بنیاد و وجہ نہیں ہے جیسے کہ وہ اپنے دعوے کی تائید میں بابا ترجمہ کی آڑ میں پناہ لیا کرتے ہیں پس برعکس اپنے دعوے میں کہ یہ آیت تبدیل کی گئی ہے ہمارا کچھ بھی نقصان نہیں کر سکتے کیونکہ جب کہ یہ الفاظ جماعت کا خیمہ ... مختلف نسخہ جات میں ہر طرح سے قابل اعتبار ہیں پائے جاتے ہیں جیسا کہ ابھی ہم نے اقتباس کیا ہے اس وقت تک نا ممکن ہے کہ وہ ہمارے موجودہ عبرانی بائبل سے ان الفاظ کو نکال سکیں۔ پس اگر بلا ترجمہ اس آیت کی نسبت جس کی جانچ ابھی ہم کر چکے صحیح ہے۔ تو ہم نے صاف طور پر ... ثابت کر دیا کہ جماعت کا خیمہ صرف سموئیل کے ایام میں بلکہ اس سے قبل بھی موجود تھا۔

### یرمیاہ نبی اور دیگر نبیوں کی شہادت

